پلمبریوں اور سبائیوں کا بڑا آپریشن

(پلمبریوں اور سبائیوں کی منطق اور نظریات کی روشنی میں)

تحقیق ابوروافض وقاص علی حیدری

دفاع اہل سنت ورد رافضیت

ادارہ دار التحقیق

فہرست مضامین

1- جنگ صفین پر پلمبریوں اور سبائیوں کا آپریشن 5

2- فیئۃ باغیہ کے مصداق اور اس کی حقیقت 12

3- احادیث حضرت حذیفہ اور حضرت سفینہ سے پلمبریوں اور سبائیوں کے استدلال کا پوسٹ مارٹم 19

4- حدیث حضرت سفینہ علیہ السلام 23

5- کیا مولا علی علیہ السلام کے لئے جائز تھا کہ وہ صحابہ کرام کو سب کریں۔ 25

6- حضرت علی علیہ السلام اور بدعات کا اِقرار 31

7- حضرت امام حسن علیہ السلام کی بیعت اور صلح پر پلمبریوں اور سبائیوں کے تراشیدہ حیلوں کا پوسٹ مارٹم 35

8- حضرت امیر معاویہ اور ان کے لشکر کے حق پر ہونے کا ثبوت 40

9- حضرت مولا علی اور حضرت امیر معاویہ کا مذہب ایک تھا۔ 42

10- حوالہ جات کے اصل کتب سے عکس 46

11- شیعہ کتب کے عکس 87

سُنی لائبریری

SUNNI 313

WWW.SUNNILIBRARY.COM

دفاع اہلسنت و رد رافضیت

پلمبریوں کا بڑا آپریشن ان کے اپنے اصولوں کی روشنی میں۔

تحقیق ابو روافض وقاص علی حیدری۔

نبی کریم ﷺ کی دو صحیح احادیث جناب عمار علیہ السلام اور حضرت سفینہ علیہ السلام کو لے کر پلمبری اور رافضی حضرات جناب امیر معاویہ علیہ السلام کے اجتہادات پر بدعات کا الزام اور جناب علی علیہ السلام کے کاندھے پر ہتھیار رکھ کر سب کرنے کا الزام وغیرہ لگاتے ہیں۔

آج ہم ان کی اسی رزیل فکر اور پلمبری سبائی فیکٹری میں تیار کردہ بلب کی روشنی میں کچھ احادیث پر روشنی ڈالتے ہیں۔ یاد رہے اس روشنی کے نتائج کا میں جواب دار نہیں ہوں، کیوں کہ یہ ان بد نصیب پلمبریوں، رافضیوں کی سوچ پر نتائج بر آمد ہوں گے۔

اس میں مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت تحقیق پیش کی جائے گی۔

(1) جنگ صفین کے حوالے سے جناب معاویہ علیہ السلام اور ان کے لشکر پر پلمبریوں سبائیوں کے الزامات کا آپریشن۔

(2) فیہ باغیہ کے مصداق اور پلمبریوں سبائیوں کے استدلالات کا رد بلیغ۔

(3) احادیث حضرت حذیفہ و حضرت سفینہ علیہم السلام اور پلمبریوں سبائیوں کا جھوٹے پروپگنڈے کی نقاب کشائی۔

(4) کیاجناب علی علیہ السلام کے لیے یہ جائز تھا کہ وہ اصحاب رسول کو گالیاں دیں۔

(5) مولا علی علیہ السلام اور بدعات کا اقرار۔

(6) جناب حسن علیہ السلام کی بیعت پر پلمبریوں سبائیوں کی من گھڑت جاہلانہ تاویلات کا مسکن جواب۔

(7) اہل شام کا حق پر ہونا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی۔

(8) جناب علی وجناب معاویہ علیہما السلام کا مذہب وعقیدہ ایک تھا۔

(1)۔ جنگ صفین پر پلمبریوں اور سبائیوں کا آپریشن

بلا تمہید پہلی حدیث ملاحظہ فرمائیں۔

وَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ، يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: وَيْحَكُمْ - أَوْ قَالَ: وَيْلَكُمْ - لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

محمد بن جعفر نے کہا: ہم سے شعبہ نے واقد بن محمد بن زید سے حدیث بیان کی کہ انہوں نے اپنے والد سے سنا، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے حدیث بیان کرتے تھے، انہوں نے نبی ﷺ سے روایت کی کہ آپ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: ”تم پر افسوس ہوتا ہے (یا

فرمایا: تمہارے لیے تباہی ہو گی) تم میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو۔ ''

صحیح مسلم جلد اول کتاب الایمان رقم حدیث نمبر 225. صفحہ نمبر 121

صحیح مسلم میں یہ حدیث چار اسناد سے مروی ہے۔

اب آیئے پلمبری بلب کی روشنی میں ان کو دیکھتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعد اس چیز سے منع کیا کہ آپس میں ایک دوسرے سے قتال کر کے کافر نہ بننا یہاں پر توجہ طلب بات یہ ہے کہ یہ حکم تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین بشمول مولا علی علیہ السلام کو تھا پھر اس کے باوجود مولا علی علیہ السلام نے حکم کی مخالفت کیوں کی جبکہ فریق ثانی کا مطالبہ شرعی تھا اور یہ بھی ثابت ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر لشکر کشی مولا علی علیہ السلام اور ان کے لشکریوں نے کی۔ پلمبری دماغ سے تو حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خلاف ورزی اور حکم تکفیر کی زد میں مولا علی علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کا لشکر آگیا۔ (معاذاللہ)

حدَّثَنِي أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ الشَّحَّامُ قَالَ انْطَلَقْتُ أَنَا وَفَرْقَدٌ السَّبَخِيُّ إِلَى مُسْلِمِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ وَهُوَ فِي أَرْضِهِ فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ فَقُلْنَا هَلْ سَمِعْتَ أَبَاكَ يُحَدِّثُ فِي الْفِتَنِ حَدِيثًا قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ أَبَا بَكْرَةَ يُحَدِّثُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتَنٌ أَلَا ثُمَّ تَكُونُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنْ الْمَاشِي فِيهَا وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنْ السَّاعِي إِلَيْهَا أَلَا فَإِذَا نَزَلَتْ أَوْ وَقَعَتْ فَمَنْ كَانَ لَهُ إِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِإِبِلِهِ وَمَنْ كَانَتْ لَهُ غَنَمٌ

فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهِ وَمَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِأَرْضِهِ قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ إِبِلٌ وَلَا غَنَمٌ وَلَا أَرْضٌ قَالَ يَعْمِدُ إِلَى سَيْفِهِ فَيَدُقُّ عَلَى حَدِّهِ بِحَجَرٍ ثُمَّ لِيَنْجُ إِنْ اسْتَطَاعَ النَّجَاءَ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ أُكْرِهْتُ حَتَّى يُنْطَلَقَ بِي إِلَى أَحَدِ الصَّفَّيْنِ أَوْ إِحْدَى الْفِئَتَيْنِ فَضَرَبَنِي رَجُلٌ بِسَيْفِهِ أَوْ يَجِيءُ سَهْمٌ فَيَقْتُلُنِي قَالَ يَبُوءُ بِإِثْمِهِ وَإِثْمِكَ وَيَكُونُ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ۔

حماد بن زید نے کہا: ہمیں عثمان شحام نے حدیث بیان کی، انھوں نے کہا: میں اور فرقد سبخی مسلم بن ابی بکرہ کے ہاں گئے، وہ اپنی زمین میں تھے ہم ان کے ہاں اندر داخل ہوئے اور کہا: کیا آپ نے اپنے والد کو فتنوں کے بارے میں کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے سنا؟ انھوں نے کہا: ہاں، میں نے (اپنے والد) حضرت ابو بکرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حدیث بیان کرتے ہوئے سنا، انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نے فرمایا: عنقریب فتنے برپا ہوں گے سن لو! پھر (اور) فتنے برپا ہوں گے، ان (کے دوران) میں بیٹھا رہنے والا چلنے والے سے بہتر ہو گا، اور ان میں چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہو گا یاد رکھو! جب وہ نازل ہو گا یا واقع ہوں گے تو جس کے (پاس) اونٹ ہوں وہ اپنے اونٹوں کے پاس چلا جائے، جس کے پاس بکریاں ہوں وہ بکریوں کے پاس چلا جائے اور جس کی زمین وہ زمین میں چلا جائے۔ (حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے) کہا: تو ایک شخص نے عرض کی اللہ کے رسول! اس کے بارے میں کیا خیال ہے جس کے پاس یہ اونٹ ہوں، نہ بکریاں، نہ زمین؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اپنی تلوار لے، اس کی دھار کو پتھر سے کوٹے (کند کر دے) اور پھر اگر بچ سکے تو بچ نکلے! اے اللہ! کیا میں نے (حق) پہنچا دیا؟ اے اللہ! کیا میں نے (حق) پہنچا دیا۔ اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا۔ کہا: تو ایک شخص نے کہا: اے اللہ کے رسول

!اگر مجھے مجبور کر دیا جائے اور لے جا کر ایک صف میں یا ایک فریق کے ساتھ کھڑا کر دیا جائے اور کوئی آدمی مجھے اپنی تلوار کا نشانہ بنادے یا کوئی تیر آئے اور مجھے مار ڈالے تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اگر تم نے وار نہ کیا ہوا) تو وہ اپنے اور تمہارے گناہ سمیٹ لے جائے گا اور اہل جہنم میں سے ہو جائے گا۔

صحیح مسلم جلد سوئم کتاب الفتن رقم حدیث نمبر 7250 صفحہ نمبر 717۔

اس حدیث میں نبی اقدس ﷺ نے اپنے بعد فتنوں یعنی مسلمان کے باہمی جنگ جدال کے وقت دونوں گروہوں میں سے کسی کا بھی ساتھ دینے سے منع فرمایا، اور قابل غور بات یہ ہے کہ وہاں پر موجود ایک صحابی رسول ﷺ نے جب یہ پوچھا کہ اگر میں بحالت مجبوری میں کسی ایک لشکر میں شامل ہونے کے بعد قتل ہو جاؤں تو امام انبیاء علیہ السلام نے فرمایا کہ قتل کرنے والا دوزخ میں ہو گا۔

اب یہاں پر امام الانبیاء علیہ السلام نے یہ نہیں فرمایا کہ اگر حق والے لشکر میں شامل ہوا تو جنتی اور کامیاب ہو گا بلکہ دونوں لشکروں میں سے کسی میں بھی شامل ہو کر کسی کی طرف سے قتل کرنے والے جہنمی ہوں گے۔

اب اسی حدیث کی روشنی میں اسی حدیث کے راوی صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم جناب ابو بکرہ رضہ اللہ تعالیٰ عنہ والی حدیث بھی ملاحظہ فرمائیں۔

حَدَّثَنِي أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ وَيُونُسَ عَنْ الْحَسَنِ عَنْ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ خَرَجْتُ وَأَنَا أُرِيدُ هَذَا الرَّجُلَ فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرَةَ فَقَالَ أَيْنَ تُرِيدُ يَا أَحْنَفُ قَالَ قُلْتُ أُرِيدُ نَصْرَ ابْنِ عَمِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي عَلِيًّا قَالَ فَقَالَ لِي يَا أَحْنَفُ ارْجِعْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا تَوَاجَهَ الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ قَالَ فَقُلْتُ أَوْ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذَا الْقَاتِلُ فَمَا بَالُ الْمَقْتُولِ قَالَ إِنَّهُ قَدْ أَرَادَ قَتْلَ صَاحِبِهِ

کامل فضیل بن حسین جحدری نے مجھے حدیث بیان کی کہا: ہمیں حماد بن زید نے ایوب اور یونس سے حدیث بیان کی انھوں نے احنف بن قیس سے روایت کی، انھوں نے کہا: میں (گھر سے) اس شخص (حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ شامل ہونے) کے ارادے سے نکلا تو مجھے حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے۔ انھوں نے پوچھا: احنف! کہاں کا ارادہ ہے؟ کہا: میں نے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عم زاد یعنی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نصرت کرنا چاہتا ہوں۔ کہا تو انھوں نے مجھ سے کہا: احنف! لوٹ جاؤ کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا آپ فرمارہے تھے جب دو مسلمان اپنی اپنی تلواروں کے ساتھ آمنے سامنے آجائیں تو قاتل اور مقتول دونوں (جہنم کی) آگ میں ہوں گے۔ کہا: تو میں نے عرض کی۔ یا کہا گیا۔ اللہ کے رسول اللہ! یہ تو قاتل ہوا) لیکن) مقتول کا یہ حال کیوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے (بھی) اپنے ساتھی کو قتل کرنے کا ارادہ کر لیا تھا۔

صحیح مسلم جلد سوئم کتاب الفتن رقم حدیث نمبر 7252 صفحہ نمبر 719.

اس حدیث میں صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم جناب ابو بکرہ علیہ السلام ایک صاحب کو مولا علی علیہ السلام کا ساتھ دینے سے صرف اس لئے منع فرمارہے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے یہ سنا تھا کہ جب مسلمان آپس میں قتال کریں گے تو اس قتال کی وجہ سے یہ سب جہنمی ہوں گے۔اب پلمبری بلب کی روشنی میں یہ نتیجہ نکلا کہ مولا علی علیہ السلام اور ان کا لشکر۔۔(معاذاللہ)

👉 حدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيل بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ أُهْبَانَ بْنِ صَيْفِيٍّ الْغِفَارِيِّ، قَالَتْ: جَاءَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ إِلَى أَبِي، فَدَعَاهُ إِلَى الْخُرُوجِ مَعَهُ، فَقَالَ لَهُ أَبِي: إِنَّ خَلِيلِي وَابْنَ عَمِّكَ عَهِدَ إِلَيَّ إِذَا اخْتَلَفَ النَّاسُ أَنْ أَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ ، فَقَدِ اتَّخَذْتُهُ فَإِنْ شِئْتَ خَرَجْتُ بِهِ مَعَكَ-----

میرے والد کے پاس علی رضی اللہ عنہ آئے اور ان کو اپنے ساتھ لڑائی کے لیے نکلنے کو کہا، ان سے میرے والد نے کہا: میرے دوست اور آپ کے چچازاد بھائی (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) نے مجھے وصیت کی کہ "جب لوگوں میں اختلاف ہو جائے تو میں لکڑی کی تلوار بنالوں"، لہٰذا میں نے بنالی ہے، اگر آپ چاہیں تو اسے لے کر آپ کے ساتھ نکلوں، عدیسہ کہتی ہیں: چنانچہ حضرت علی علیہ السلام نے میرے والد کو چھوڑ دیا۔

جامع ترمذی جلد دوم کتاب الفتن رقم حدیث نمبر 2203۔

یہاں پر آپ دیکھ سکتے ہیں کہ مولا علی علیہ السلام قرآنی حکم قصاص لینے کی بجائے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے گھروں میں جاکر مسلمانوں کے ساتھ قتال پر ابھارتے ہیں لیکن صحابی رسول جناب سیدنا اھبان بن صیفی علیہ السلام یہ کہہ کر مولا علی علیہ السلام کے ساتھ جنگ پر جانے سے

انکار کر دیتے ہیں کہ ان کو امام الانبیاء علیہ السلام نے منع کیا تھا، اور یہ بھی کہ متعدد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو امام الانبیاء علیہ السلام نے فتنہ قتال کے وقت کسی جماعت کا ساتھ دینے سے منع فرما دیا تھا۔

اب یہ حکم صرف ان صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے لیے ہی نہیں بلکہ مولا علی علیہ السلام کے لیے بھی تھا لیکن یہاں نہ تو مولا علی علیہ السلام قتال سے رکے اور نہ ہی آپ جناب اھبان بن صیفی علیہ السلام کو اپنے حق پر ہونے کے بارے میں مطمئن کر پائے!

اور نہ پلمبریوں اور سبائیوں کی طرح یہ طعنہ دے پائے کہ تم پر تو خلیفہ راشد کی اطاعت واجب ہے۔

🛠️ پس ان احادیث سے بظاہر یہ ثابت ہوتا ہے کہ مولا علی علیہ السلام کی بحثیت خلیفہ راشد مطلق اطاعت واجب نہ تھی۔

📒 غور کریں! یہاں جتنی صحیح الاسناد احادیث پیش کی گئی ہیں ان کی زد میں پلمبریوں اور سبائیوں کی منطق سے مولا علی علیہ السلام بھی آرہے ہیں۔

اب ان احادیث سے بچنے کے لیے تاویلات و قرائن اور دوسری احادیث نبوی ﷺ سے خلیفہ راشد جناب مولا علی علیہ السلام کا دفاع ہم پر لازم ہے۔

اسی طرح جناب سیدنا امیر معاویہ علیہ السلام کا حدیث فیئۃ باغیہ اور حدیث سفینہ علیہ السلام میں کہیں بھی نام نہیں اس کے باوجود پلمبری اور سبائی زبردستی حضرت امیر معاویہ علیہ السلام اور ان کے لشکر کو زد میں لاتے ہیں۔ انصاف کا تقاضہ یہی ہے کہ وہاں بھی تاویلات کرنی ہوں گی تاکہ کسی بھی صحابی رسول ﷺ کی شان میں ذرا برابر بھی کمی واقع نہ ہو سکے۔

(2) فیئہ باغیہ کے مصداق اور اس کی حقیقت۔

پلمبری اور رافضیوں کا ہمیشہ سے یہ طریقہ واردات رہا ہے کہ وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے امت کے دلوں میں غلط فہمیاں پیدا کرنے کے لیے حدیث جناب عمار علیہ السلام کو لا کر اس حدیث میں فیہ باغیہ کے لفظ کو بطور مذمت کے پیش کر رہے ہوتے ہیں جبکہ باغی گروہ کے تعریف پر غور کیا جائے تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ہر اس شخص یا گروہ کو باغی کہا جاتا ہے جو حکومت وقت کے خلاف کھڑا ہو جائے۔

مثلاً آج اگر انڈیا کے مسلمان غیر مسلم حکومت کے خلاف کسی جائز اسلامی موقف کو لے کر کھڑے ہو جائیں تو عرف میں ان کو بھی باغی ہی کہا جائے گا۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ جناب معاویہ علیہ السلام اور ان کے ساتھ شامل صحابہ کرام کا موقف قرآن مجید اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں کیا حثیت رکھتا ہے۔

جناب معاویہ علیہ السلام اور ان کے ساتھ شامل صحابہ کرام کا موقف بالکل درست تھا کیونکہ آپ علیہ السلام کا مطالبہ حکومت وقت سے قصاص کا تھا جو شریعت کی نگاہ میں جائز اور عقل کے عین مطابق تھا۔ پس لفظ باغی سے بھی پلمبریوں اور سبائیوں کو یہاں کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

اب آتے ہیں حدیث جناب عمار علیہ السلام میں فیہ باغیہ کے الفاظ کی طرف کہ کیا اس سے جناب معاویہ علیہ السلام کے لشکر کا تعین ہوتا ہے کہ نہیں۔

👈 مسند احمد، طبقات ابن سعد وغیرہ کی جتنی روایات جناب عمار علیہ السلام کے قاتلوں کے بارے میں ہیں ان سے واضح ہی نہیں ہوتا کہ قاتل کون تھا، جن روایات میں جناب ابو الغادیہ علیہ السلام کا ذکر ہے اس میں جو سند کے اعتبار سے درست روایت ہے اس میں جناب ابو غادیہ علیہ السلام ایک ایسے شخص کا واقعہ بیان کرتے ہیں جس کا نام اور اس کے لشکر کا تعین مجہول ہے۔ ملاحظہ فرمائیں مستدرک حاکم۔

👈 جناب معاویہ علیہ السلام کے لشکر کو قاتلین جناب عمار علیہ السلام ثابت کرنے کے لیے آپ علیہ السلام کے واقعہ شہادت کی مسند احمد کی ایک روایت پیش کرتے ہیں جس میں جناب معاویہ علیہ السلام نے انکی شہادت کی خبر سن کر یہ فرمایا تھا کہ ان کے قاتل وہ لوگ ہیں جو لے کر آئے۔ مسند احمد۔

اس روایت میں تو اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ جناب عمار علیہ السلام کو شہید کرنے والے لوگ جناب معاویہ علیہ السلام کے لشکر میں نہیں تھے بلکہ یہ لوگ جناب علی علیہ السلام کے لشکر میں

شامل تھے۔ پلمبری اور سبائی جناب معاویہ علیہ السلام کے ان الفاظ کو تاویل کہتے ہیں جبکہ یہ جناب معاویہ علیہ السلام کی طرف سے تاویل نہیں تھی بلکہ انہوں نے یہ بات اپنی تحقیق پر کہی تھی اور آپ علیہ السلام کا یہ موقف پورے لشکر میں پھیل گیا اور اگر یہ بات غلط تھی یا یہ تاویل تھی تو مولا علی علیہ السلام اور ان کے لشکریوں کے لیے بہت عمدہ موقعہ تھا کہ وہ حدیث جناب عمار علیہ السلام کو پیش کر کے جناب معاویہ علیہ السلام کے خلاف اتمام حجت کرتے لیکن ہوا یہ کہ نہ تو مولا علی علیہ السلام نے جنابِ معاویہ علیہ السلام کی بات کی تردید کی اور نہ اس کو تاویلات پر مبنی کہا۔ اگر بقول پلمبریوں کے یہ الفاظ تاویل پر مبنی تھے تو اس دعوے کا ثبوت ان کے ذمہ ہے کہ وہ مولا علی علیہ السلام یا ان کے لشکر سے اس کا رد صحیح سند کے ساتھ پیش کریں۔

. 👈 واقعہ تحکیم کے وقت بھی اس حدیث کو جناب معاویہ علیہ السلام کے خلاف پیش نہیں کیا گیا۔ اس کا ثبوت اس روایت سے بھی ہوتا ہے جس میں تحکیم کی تفصیل مذکور ہے چنانچہ حضرت حبیب بن ثابت علیہ السلام بیان کرتے ہیں کہ

أَتَيْتُ أَبَا وَائِلٍ فِي مَسْجِدِ أَہْلِہِ، أَسْأَلُہُ عَنْ ہٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِينَ قَتَلَہُمْ عَلِيٌّ بِالنَّہْرَوَانِ، فَفِيمَا اسْتَجَابُوا لَہُ؟ وَفِيمَا فَارَقُوہُ؟ وَفِيمَا اسْتَحَلَّ قِتَالَہُمْ؟ قَالَ: كُنَّا بِصِفِّينَ فَلَمَّا اسْتَحَرَّ الْقَتْلُ بِأَہْلِ الشَّامِ اعْتَصَمُوا بِتَلٍّ، فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ لِمُعَاوِيَةَ: أَرْسِلْ إِلٰى عَلِيٍّ بِمُصْحَفٍ وَادْعُہُ إِلٰى كِتَابِ اللہِ فَإِنَّہُ لَنْ يَأْبٰى عَلَيْکَ، فَجَاءَ بِہِ رَجُلٌ فَقَالَ: بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللہِ: {أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِنَ الْكِتَابِ يُدْعَوْنَ إِلٰى كِتَابِ اللہِ لِيَحْكُمَ بَيْنَہُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيقٌ مِنْہُمْ وَہُمْ مُعْرِضُونَ} [آل عمران: ٢٣] فَقَالَ عَلِيٌّ: نَعَمْ، أَنَا أَوْلٰى بِذٰلِکَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللہِ، قَالَ: فَجَاءَتْہُ الْخَوَارِجُ، وَنَحْنُ نَدْعُوہُمْ يَوْمَئِذٍ الْقُرَّاءَ، وَسُيُوفُہُمْ عَلٰى عَوَاتِقِہِمْ، فَقَالُوا: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ! مَا نَنْتَظِرُ بِہٰؤُلَاءِ

الْقَوْمِ الَّذِينَ عَلَى التَّلِّ، أَلَا نَمْشِي إِلَيْهِمْ بِسُيُوفِنَا حَتَّى يَحْكُمَ اللَّهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ، فَتَكَلَّمَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! اتَّهِمُوا أَنْفُسَكُمْ۔

میں سیدنا ابو وائل کے ہاں ان کی مسجد میں حاضر ہوا، میں ان سے ان لوگوں کی بابت دریافت کرنا چاہتا تھا جن کو سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے نہروان کے مقام پر قتل کیا تھا، کہ لوگوں نے کیونکر ان کی بات مانی اور نہ ماننے والوں نے کیونکر ان کی بات نہ مانی اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے کیوں کر ان کو قتل کرنا حلال سمجھا؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہم لوگ صفین کے مقام پر موجود تھے، جب اہل شام کے ساتھ گھمسان کی لڑائی ہونے لگی، تو انہوں نے ٹیلے کی طرف پناہ لی، سیدنا عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ علی رضی اللہ عنہ کی طرف مصحف بھیجیں اور انہیں کتاب اللہ کے فیصلہ پر آنے کی دعوت دیں، وہ اس بات کو قبول کرنے سے انکار نہیں کریں گے، تو ایک آدمی سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں قرآن لے کر آیا اور اس نے کہا ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب کافی ہے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے: {اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ}... بھلا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو اللہ کی کتاب میں سے حصہ دیا گیا اور انہیں اللہ کی کتاب کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ کتاب ان لوگوں کے مابین ہونے والے تنازعات کا فیصلہ کر دے تو ان میں سے ایک فریق کج ادائی کے ساتھ منہ موڑ جاتا ہے۔ یہ سن کر سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے کہا: ٹھیک ہے، میں اس بات کا زیادہ مستحق ہوں، ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب حاکم ہے، خارجی لوگ جنہیں ہم ان دنوں قراء کہا کرتے تھے، وہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے

پاس آئے، وہ اپنی تلواریں اپنے کندھوں پر لٹکائے ہوئے تھے، انہوں نے کہا: امیر المومنین! یہ لوگ جو ٹیلے کی طرف پناہ لیے ہوئے ہیں، ہم ان کا انتظار کیوں کر رہے ہیں؟ ہم کیوں نہ تلواریں تان کر ان کی طرف لڑنے کو نکلیں تا آنکہ اللہ ہمارے اور انکے درمیان فیصلہ کر دے، یہ سن کر سیدنا سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بولے: لوگو! اپنی رائے یا بات پر نظر ثانی کرو۔

صحیح بخاری جلد دوم کتاب لمغازی باب صلح حدیبیہ، صحیح مسلم جلد دوم، مسند احمد رقم حدیث نمبر 12352۔

صحیح مسلم میں یہ الفاظ بھی جناب سہیل بن حنیف علیہ السلام کے ہیں کہ

لَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ، وَلَوْ أَنِّي أَسْتَطِيعُ أَنْ أَرُدَّ أَمْرَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَرَدَدْتُهُ، وَاللهِ، مَا وَضَعْنَا سُيُوفَنَا عَلَى عَوَاتِقِنَا إِلَى أَمْرٍ قَطُّ، إِلَّا أَسْهَلْنَ بِنَا إِلَى أَمْرٍ نَعْرِفُهُ إِلَّا أَمْرَكُمْ هَذَا«

اللہ کی قسم! میں نے ابو جندل رضی اللہ عنہ (کے واقعے) کے دن اپنے آپ کو اس حالت میں دیکھا کہ اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے (صلح کے) معاملے کو رد کر سکتا تو رد کر دیتا۔ اللہ کی قسم! ہم نے کبھی کسی کام کے لیے اپنے کندھوں پر تلواریں نہیں رکھیں تھیں مگر ان تلواروں نے ہمارے لیے ایسے معاملے تک پہنچنے میں آسانی کر دی جس کو ہم جانتے تھے، سوائے تمہارے موجودہ معاملے کے۔

صحیح مسلم جلد دوم رقم حدیث نمبر۔4634۔

یہاں پر قابل غور بات جو ہمارے موقف کی دلیل ہے وہ یہ کہ جب جناب معاویہ علیہ السلام کی طرف سے مولا علی علیہ السلام کے پاس یہ پیغام بھیجا جاتا ہے کہ اپنے تنازعہ کا قرآن مجید سے فیصلہ کریں تو آپ علیہ السلام نے یہ فرمایا تھا کہ

"میں اس بات کا زیادہ مستحق ہوں کہ تمہارے اور ہمارے درمیاں قرآن مجید حاکم ہو۔"

اس سے پلمبریوں اور سبائیوں کے موقف کی مولا علی علیہ السلام کی زبانی تردید ہو رہی ہے کیونکہ اگر جناب عمار علیہ السلام کی شہادت (جو اس تحکیم تک ہو چکی تھی) ہی حق و باطل کی کسوٹی تھی تو جناب علی علیہ السلام جناب معاویہ علیہ السلام کی طرف سے قرآن مجید سے فیصلہ کی دعوت دیتے وقت ہی کہہ دیتے کہ فیصلہ تو اس جناب عمار علیہ السلام کی شہادت نے کر دیا اب کس فیصلہ کے انتظار میں ہو۔

اور اسی طرح جناب سہیل بن حنیف علیہ السلام کے مسلم میں موجود درج بالا الفاظ بھی یہ ثابت کر رہے ہیں کہ جناب عمار بن یاسر علیہ السلام کی شہادت کے باوجود صفین کا معاملہ کلیئر نہ ہو سکا۔

لیکن پلمبریوں اور سبائیوں کو آج ابلیسی الہام ہوا ہے کہ جناب عمار علیہ السلام کی شہادت نے حق و باطل واضح کر دیا۔ اسے کہتے ہیں "مدعی سست اور گواہ چست "

اب بخاری کی حدیث جناب عمار علیہ السلام میں شامل اس جملے "جہنم کی طرف بلانا" کی طرف آتے ہیں، تحقیق سے یہ بات ثابت ہے کہ یہ جملے اصل بخاری کے نسخے میں موجود ہی نہیں ہیں، اگر پلمبریوں اور سبائیوں کے مطابق اس جملے کو روایت کا حصہ مان بھی لیتے ہیں تو اس پر کچھ سوالات اٹھتے ہیں۔

(1) جناب معاویہ علیہ السلام کی طرف سے وہ کون سی دعوت تھی جس کو پلمبری رافضی جہنم والی دعوت کہتے ہیں؟

(2) کیا یہ دعوت قصاص کی تھی؟ لیکن یہ بھی ممکن نہیں کیونکہ یہ دعوت بھی جہنم کی طرف بلانے والی دعوت نہیں ہو سکتی شریعت میں قصاص مانگنا ثابت ہے۔ اور اس دعوت کا انکار تو خود جناب علی علیہ السلام بھی نہ کر سکے۔

(3) کیا جہنم کی طرف یہ دعوت تھی کہ جناب معاویہ علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ پہلے جناب علی علیہ السلام قصاص لیں پھر میں وہ پہلا آدمی ہوں گا جو ان کی بیعت کرے گا، یہ بھی جہنم کی دعوت نہیں ہو سکتی، شرح اس کی یہ ہے کہ اس وقت کے حالات بھی اسی مؤقف کے حق میں تھے کیونکہ باغی قاتلین نے جناب مولا علی علیہ السلام کے لشکر میں پناہ لی ہوئی تھیں تو ان حالات میں یہ شرط عقلی طور پر بھی درست تھی۔

اگر پلمبری اور رافضی لاجک سے ان زیر بحث جملے (جہنم کی طرف بلانا) کے تحت کسی کو مطلقاً جہنمی ڈکلیئر کیا جاسکتا ہے تو پھر اس لاجک سے نوحہ کرنے والے اور نسب کا طعنہ کسی دوسری کو دینے والے کو بھی مطلقاً کافر ڈکلیئر کیا جاسکتا ہے چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ثْنَتَانِ فِي النَّاسِ هُمَا بِهِمْ كُفْرٌ: الطَّعْنُ فِي النَّسَبِ وَالنِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ

لوگوں میں دو باتیں ہیں، وہ دونوں ان میں کفر (کی بقیہ عادتیں) ہیں: (کسی کے) نسب پر طعن کرنا اور میت پر نوحہ کرنا۔" صحیح مسلم رقم حدیث نمبر 227۔

(3) احادیث حضرت حذیفہ و حضرت سفینہ علیہم السلام سے پلمبریوں اور سبائیوں کے استدلال کا پوسٹ مارٹم

پلمبری مرزا انجینئر نے حضرت امیر معاویہ علیہ السلام کی خلافت کے دور کی مذمت پر جنابِ حذیفہ علیہ السلام والی روایت پیش کی ہے، جس کا مفہوم یہ ہے کہ نبوت ہوگی جب تک اللہ چاہے گا، پھر خلافت ہوگی جب تک اللہ چاہے گا اس کے بعد کاٹ کھانے والی ملوکیت ہوگی۔

مسند احمد۔۔۔

اس سے پلمبریوں نے اپنی رزیل فکر سے جمع تفریق کے بعد یہ نتیجہ نکالا کہ چاروں خلفاء کے بعد والی خلافت جس کو کاٹ کھانے والی ملوکیت کہا گیا ہے وہ جناب معاویہ علیہ السلام کا دور تھا!! معاذاللہ۔

آئیں اس غلیظ نتیجہ کے پیچ ڈھیلے کرتے ہیں۔

اس روایت سے جن الفاظ سے استدلال کیا گیا۔

ثم تکون ملکا عاضا۔۔ مسند احمد۔یعنی خلافت کے بعد کاٹ کھانے والی ملوکیت ہو گی۔

یہاں پر پلمبریوں نے لفظ "ثم" کو خلافت کے بعد متصل مان کر نہ صرف اس سے جناب معاویہ علیہ السلام کی خلافت کی مذمت کی بلکہ ثم اور بعد کے الفاظ سے جناب ابو بکر صدیق علیہ السلام، جناب عمر فاروق اعظم علیہ السلام، جناب عثمان علیہ السلام اور جناب علی علیہ السلام کی خلافت کو فارغ کر دیا۔

اسکے لئے صحیح سند سے حدیث ملاحظہ فرمائیں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا تھا کہ میرے بعد جو حکمران آئیں گے وہ میری سنت پر عمل نہیں کریں گے اور وہ جھوٹے بھی ہوں گے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: ((أَعَاذَكَ اللهُ مِنْ إِمَارَةِ السُّفَهَاءِ۔)) قَالَ: وما إِمَارَةُ السُّفَهَاءِ ؟ قَالَ: ((أُمَرَاءُ يَكُونُونَ بَعْدِى لَا يَقْتَدُونَ بِهَدْيِي، وَلَا يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِي، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَأُولَئِكَ لَيْسُوا مِنِّي، وَلَسْتُ

مِنْہُمْ، وَلَا یَرِدُوْا1 عَلَیَّ حَوْضِی، وَمَنْ لَمْ یُصَدِّقْہُمْ بِکَذِبِہِمْ، وَلَمْ یُعِنْہُمْ عَلٰی ظُلْمِہِمْ، فَأُولَئِکَ مِنِّی وَأَنَا مِنْہُمْ، وَسَیَرِدُوْا عَلَیَّ حَوْضِی۔)) (مسند احمد: ۱۴۴۹۴)

سیدنا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدنا کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تمہیں بے وقوفوں اور نااہل لوگوں کی حکمرانی سے بچائے۔ سیدنا کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: بے وقوفوں کی حکومت سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو امراء میرے بعد آئیں گے، وہ میرے طریقے کی اقتداء نہیں کریں گے اور میری سنتوں پر عمل نہیں کریں گے، جس نے ان کے جھوٹے ہونے کے باوجود ان کی تصدیق کی اور ان کے ظلم وجور کے باوجود ان کی مدد کی، ان کا مجھ سے اور میرا ان سے کوئی تعلق نہیں ہو گا اور نہ وہ مجھ پر میرے حوض پر آئیں گے اور جس نے ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کی اور نہ ان کے ظلم پر ان کی اعانت نہ کی، وہ میرے ہیں اور میں ان کا ہوں اور یہی لوگ میرے پاس میرے حوض پر آئیں گے۔

مسند احمد رقم حدیث نمبر 12075 قسم صحیح۔

وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ التَّمِيمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ، أَخْبَرَنَا يَحْيَى، - وَهُوَ ابْنُ حَسَّانَ - حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، - يَعْنِي ابْنَ سَلاَّمٍ - حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ سَلاَّمٍ، عَنْ أَبِي سَلاَّمٍ، قَالَ قَالَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا كُنَّا بِشَرٍّ فَجَاءَ اللَّهُ بِخَيْرٍ فَنَحْنُ فِيهِ فَهَلْ مِنْ وَرَاءِ هَذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ . قُلْتُ هَلْ وَرَاءَ ذَلِكَ الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ نَعَمْ . قُلْتُ فَهَلْ وَرَاءَ ذَلِكَ الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ نَعَمْ . قُلْتُ كَيْفَ قَالَ يَكُونُ بَعْدِي أَئِمَّةٌ لاَ يَهْتَدُونَ بِهُدَاىَ وَلاَ يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِي وَسَيَقُومُ فِيهِمْ رِجَالٌ قُلُوبُهُمْ قُلُوبُ

الشَّيَاطِينِ فِي جُثْمَانِ إِنْسٍ . قَالَ قُلْتُ كَيْفَ أَصْنَعُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذَلِكَ قَالَ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ لِلأَمِيرِ وَإِنْ ضُرِبَ ظَهْرُكَ وَأُخِذَ مَالُكَ فَاسْمَعْ وَأَطِعْ .

حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہما سے روایت ہے میں نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم برائی میں تھے پھر اللہ تعالیٰ نے بھلائی دی اب اس کے بعد بھی کچھ برائی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ میں نے کہا پھر اس کے بعد بھلائی ہے آپ نے فرمایا ہاں میں نے کہا پھر اس کے بعد برائی؟ آپ نے فرمایا ہاں۔ میں نے کہا کیسے؟ آپ نے فرمایا میرے بعد وہ لوگ حاکم ہوں گے جو میری راہ پر نہ چلیں گے، میری سنت پر عمل نہیں کریں گے اور ان میں ایسے لوگ ہوں گے جن کے دل شیطان کے سے اور جسم آدمیوں کے سے یوں گرا گے۔

صحیح مسلم جلد سوئم رقم حدیث نمبر 4785۔

اب پلمبری لاجک حدیث میں سے چوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلفاء اربعہ کی نشانیوں کا جو ذکر کیا وہ یہ ہیں۔

(1) خلفاء اربعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی راہ پر نہیں چلے۔

(2) خلفاء اربعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل پیرا نہیں ہوئے۔

(3) ان کے دل شیطانی تھے (نعوذ باللہ)۔

(3) حدیث حضرت سفینہ علیہ السلام۔

حدیث سفینہ علیہ السلام کو بھی جناب معاویہ علیہ السلام کی خلافت کی مذمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ اب اس سے پلمبریوں اور سبائیوں کے استدلال کا آپریشن ملاحظہ فرمائیں۔

👈 اگر اس روایت کو تسلیم کیا جائے تو ان تمام صحیح الاسناد احادیث کا انکار کرنا پڑے گا جن میں 12 خلفاء کا ذکر ہے اور یہ پلمبریوں اور سبائیوں کو بھی ہضم نہیں ہوتا کہ ان احادیث کا ذکر کریں جن سے جناب معاویہ علیہ السلام کی خلافت ثابت ہوتی ہے۔

👈 اگر اس روایت کی جمع تفریق سے پلمبریوں کے مطابق یہ تسلیم کر لیا جائے کہ خلافت صرف پہلے چار خلفاء راشدین میں تھی تو جناب حسن علیہ السلام کے دور کو بھی ملوکیت کا دور تسلیم کرنا پڑے گا جو کہ اجماع امت کے صریح خلاف ہے۔

کچھ لوگوں نے جناب حسن علیہ السلام کی خلافت کو مولا علی علیہ السلام کی خلافت کا اختتام قرار دے کر ملوکیت سے بچانے کی کوشش کی لیکن یہ محنت بھی بے کار ثابت ہوئی کیونکہ اس دعوے کو خود جناب سفینہ کی جمع کردہ گنتی مسترد کر رہی ہے کیوں کہ حدیث میں جناب سفینہ علیہ السلام نے ان کی خلافت کا نام ہی نہیں لیا۔

دوسری اہم بات یہ ہے کہ اگر جناب حسن علیہ السلام کو بھی جناب علی علیہ السلام کی خلافت میں شامل کرنے والا حربہ ملوکیت سے بچانے کے لیے استعمال کیا جائے تو جناب حسن علیہ السلام کی اپنی خلافت کا وجود ہی ختم ہو جائے گا۔ اور یہ بات بھی پلمبریوں کو منظور نہیں ہو گی۔

👈 پھر یہ بات بھی ہے کہ حدیث جناب سفینہ علیہ السلام میں کہیں بھی جناب معاویہ علیہ السلام کا نام نہیں، اور پلمبریوں کا جناب سفینہ علیہ السلام کی بات کا یہ مطلب بھی نکالنا بھی حقائق کے خلاف ہے کہ اس سے مطلقاً بنی امیہ کی خلافت کی تردید مراد ہے!

بالفرض اس منطق کو درست مان لیں تو مطلب پلمبری خود تراشیدہ مفہوم کے مطابق جناب عثمان غنی علیہ السلام کی خلافت حقہ بھی نہیں بچ پائے گی کیونکہ آپ علیہ السلام بھی بنی امیہ میں سے تھے اور صرف خلیفہ ہی نہیں خلیفہ راشد تھے اور جناب عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ تعالیٰ عنہ بھی بنی امیہ میں سے تھے۔

پس یہ حقیقت تسلیم کئے بغیر کوئی چارہ نہیں کہ جناب سفینہ علیہ السلام کے سامنے جن لوگوں کا سوال پیش کیا گیا تھا ان کا گمان یہ تھا کہ خلافت صرف بنی امیہ میں ہے اور کسی قبیلہ، خاندان میں نہیں اور ظاہر سی بات ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خلافت صرف بنی ہاشم میں نہیں بتائی اور نہ ہی صرف بنو امیہ میں بتائی بلکہ ان سب کو شامل کرتے ہوئے مطلق قریش کا نام بیان ہے، جن میں جناب معاویہ علیہ السلام بھی شامل ہیں۔

👈 پھر قابل غور بات یہ ہے کہ جن صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قول پر یہ ساری گیم کھیلی جا رہی ہے انہوں نے خود مولا علی علیہ السلام کے دور کو خلافت میں شامل کیا ہے لیکن عجیب بات یہ ہے کہ تیس سال خلافت والی روایت کے بنیادی راوی حضرت سفینہؓ خود بھی الگ رہنے والوں میں شامل تھے اور کسی جنگ میں بھی حضرت علیؓ یا امیر معاویہؓ کی طرف سے شریک نہیں ہوئے۔

غور کریں! پلمبری لاجک سے تو خود جناب سفینہ علیہ السلام خلیفہ راشد کی طرفداری نہ کرکے باغی ٹھہرے۔ ان کی بات تو پلمبری اپنے حق میں پیش ہی نہیں کر سکتے۔

👈 ۔جناب معاویہ علیہ السلام اور ان کے سمندری لشکر کے بارے میں جنت کی خوشخبری سناتے ہوئے امام الانبیاء علیہ السلام نے فرمایا:

کالملوک علی الاسرہ۔۔ وہ ایسے ہوں گے جیسے بادشاہ اپنے تختوں پر بیٹھے ہوں گے۔

📖 صحیح البخاری جلد دوم کتاب الجہاد۔

(4) 📒 کیا مولا علی علیہ السلام کے لیے جائز تھا کہ وہ صحابہ کرام کو سب کریں۔

جناب امیر معاویہ علیہ السلام کے بارے میں یہ سن سن کر لوگوں کے کان پک گئے کہ وہ مولا علی علیہ السلام کو گالیاں دیتے تھے۔ لیکن آج تک مرزائیوں اور سبائیوں نے یہ ثابت نہیں کیا کہ وہ

کون سی بر صغیر والی ماں بہن کی گالی تھی جو انہوں نے دی (معاذاللہ)، باوجود اس کے کہ ان روایات کے جوابات اکابرین اہل سنت دے چکے ہیں پھر بھی کو اسفید ہے والی مثال کو حقیقت کا رنگ دینے کے لیے دشمناں صحابہ دن رات یہ راگ الاپتے ہیں کہ انہوں نے گالیاں دیں۔

میں نے وہ جوابات نقل نہیں کرنے میں صرف یہ پوچھنا چاہتا کہ کیا مولا علی علیہ السلام کے لئے یہ جائز تھا کہ وہ صحابہ کرام کو گالیاں دیتے؟ جبکہ مندرجہ ذیل حدیث نبوی ﷺ میں حکم ممانعت مولا علی علیہ السلام کو بھی شامل تھا۔ ملاحظہ فرمائیں:

👈 فقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَا تَسُبُّوا أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِي، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَوْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا، مَا أَدْرَكَ مُدَّ أَحَدِهِمْ، وَلَا نَصِيفَهُ»

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین میں سے کسی کو برا نہ کہو، کیونکہ تم میں سے کسی شخص نے اگر اُحد پہاڑ کے برابر سونا بھی خرچ کیا تو وہ ان میں سے کسی کے دیے ہوئے ایک مد کے برابر بلکہ اس کے آدھے کے برابر بھی (اجر) نہیں پا سکتا۔

صحیح مسلم جلد سوئم کتاب فضائل الصحابہ

جبکہ اس حکم رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کرتے ہوئے جناب علی علیہ السلام نے صحابہ کرام کو گالیاں دیں۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ ، حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ ، قال : أخبرني مالك بن أوس النصري ، وكان محمد بن جبير بن مطعم ذكر لي ذِكْرًا مِنْ ذَلِكَ ، فَدَخَلْتُ عَلَى

مَالِكٍ فَسَأَلْتُهُ ؟ ، فَقَالَ : انْطَلَقْتُ حَتَّى أَدْخُلَ عَلَى عُمَرَ أَتَاهُ حَاجِبُهُ يَرْفَأُ ، فَقَالَ : هَلْ لَكَ فِي عُثْمَانَ ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ ، وَالزُّبَيْرِ ، وَسَعْدٍ يَسْتَأْذِنُونَ ، قَالَ : نَعَمْ ، فَدَخَلُوا ، فَسَلَّمُوا وَجَلَسُوا فَقَالَ : هَلْ لَكَ فِي عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ فَأَذِنَ لَهُمَا ، قَالَ الْعَبَّاسُ : يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ، اقْضِ بَيْنِي وَبَيْنَ الظَّالِمِ اسْتَبَّا ، فَقَالَ الرَّهْطُ عُثْمَانُ وَأَصْحَابُهُ .

محمد بن جبیر بن مطعم نے مجھ سے اس سلسلہ میں ذکر کیا تھا، پھر میں مالک کے پاس گیا اور ان سے اس حدیث کے متعلق پوچھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں روانہ ہوا اور عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اتنے میں ان کے دربان یرفاء آئے اور کہا کہ عثمان، عبدالرحمٰن، زبیر اور سعد رضی اللہ عنہم اندر آنے کی اجازت چاہتے ہیں، کیا انہیں اجازت دی جائے؟ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہاں۔ چنانچہ سب لوگ اندر آ گئے اور سلام کیا اور بیٹھ گئے، پھر یرفاء نے آ کر پوچھا کہ کیا علی اور عباس کو اجازت دی جائے؟ ان حضرات کو بھی اندر بلایا۔ عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ امیر المؤمنین عمر ابن خطاب میرے اور اس ظالم (یعنی حضرت علی علیہ السلام) کے درمیان فیصلہ کر دیجئیے پس جناب علی و جناب عباس علیہم السلام نے آپس میں ایک دوسرے کو گالیاں دیں۔ اس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کی جماعت نے کہا کہ امیر المؤمنین! ان کے درمیان فیصلہ کر دیجئیے ۔

صحیح بخاری جلد دوم کتاب المغازی حدیث بنی نضیر رقم حدیث نمبر 7305۔

اسی طرح جناب مولا علی علیہ السّلام نے صحابہ جنابِ معاویہ اور ان کے ساتھیوں پر بد دعائیں بھی کیں ملاحظہ فرمائیں مصنف ابنِ ابی شیبہ جلد دوم صفحہ نمبر 108, سنن کبریٰ بیہقی جلد 204۔

جبکہ اماں عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں کہ لوگوں کو حکم دیا گیا تھا کہ اصحاب رسول کے لیے استغفار کریں، لیکن انہوں نے برا کہنا شروع کر دیا۔

ملاحظہ فرمائیں صحیح مسلم رقم حدیث نمبر 3022۔

جناب معاویہ علیہ السلام کے شرف صحابیت میں کوئی اختلاف نہیں جناب عبد اللہ بن عباس علیہ السلام کے سامنے ایک غیر صحابی نے اعتراض کیا تو آپ علیہ السلام نے یہ کہہ کر اس آدمی کو خاموش کرا دیا کہ وہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں حدیث صحیح مسلم اور صحیح بخاری۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے ان لوگوں کے بارے میں پوچھا گیا جو حضرت امیر معاویہ علیہ السلام کو برا کہتے ہیں تو امام حسن بصری نے فرمایا:

علی اولئک الذین یلعنون لعنت اللہ۔

ان لعنت کرنے والوں پر اللہ کی لعنت ہو۔

ملاحظہ فرمائیں: تاریخ ابن عساکر جلد 59 صفحہ 206. سند صحیح۔

لفظ سب پر اکابرین اہل سنت بہت کچھ لکھ چکے میں اس کو دوہرانا نہیں چاہتا۔ جناب معاویہ علیہ السلام کی زبان سے آج تک کوئی پلمبری رافضی ایسے الفاظ ثابت نہیں کر سکتا جس کو برصغیر میں

گالی کہا جاتا ہے۔ اس کے لیے میں تمام دشمنان صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کو قیامت کی صبح تک کا ٹائم دیتا ہوں کہ اگر کوئی ثبوت ہے تو پیش کریں ۔

عوام کو دھوکا دینے کے لیے پلمبری اور سبائی اس طرح کوشش کرتے ہیں کہ روایات میں لفظ **"سب"** کو اٹھاتے ہیں جو عربی کا ہے اور اس پر بر صغیر والی گالی کے مفہوم کو فٹ کر کے عوام کو لولی پاپ دیا جاتا ہے۔

لفظ **"سب"** یہاں پر تنقید کے معنی میں آیا ہے کہ جناب معاویہ علیہ السلام کے لشکری خلیفہ المسلمین داماد رسول اللہ ﷺ جناب عثمان علیہ السلام کے قاتلین کے حوالے سے جناب علی علیہ السلام کی پالیسیوں پر تنقید کرتے تھے اور دوسری صورت ان کی طرف سے قاتلوں پر لعنت اور ان پر بد دعائیں تھیں جن کو حجر بن عدی اور اس کے طرف سے ان کا ساتھ دینے والے بڑے گروہ مولا علی علیہ السلام پر جرح سمجھ کر حکومت وقت کے خلاف بر سر احتجاج آ جاتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں البدایہ والنہایہ جلد سوئم۔

گو کہ جناب معاویہ علیہ السلام نے جناب عثمان علیہ السلام کے قصاص کے مطالبہ کے وقت یا اپنی خلافت میں کبھی اپنی زبان سے کوئی برا لفظ نہیں نکالا اور حق تنقید جناب امیر معاویہ علیہ السلام اپنے پاس محفوظ رکھتے تھے کیونکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین (بشمول صحابی رسول جناب علی علیہ السلام) کے آپس میں تنقید پر صحیح موقف وہی سکوت کا ہے جو صفین و جمل پر ہمارے اسلاف کا ہے۔

پلمبریوں اور سبائیوں کا بڑا آپریشن

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ۭ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾

برائی کے ساتھ آواز بلند کرنے کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا مگر مظلوم کو اجازت ہے اور اللہ تعالیٰ خوب سنتا جانتا ہے۔

(سورۃ النساء آیت نمبر 148 پارہ 6)

لیکن کیا کریں پلمبریوں اور رافضیوں کا وہ صحابہ کرام کو کٹھرے میں لا کر چودہ سو سال بعد کچہری لگاتے ہیں تو ہمیں آئینہ دکھانا پڑتا ہے۔

صفین و جمل کے حوالے سے پلمبری رافضی ایک چال یہ چلتے ہیں کہ جناب علی علیہ السلام اور جناب عمار علیہ السلام فریق ثانی کے عمل کو غلط سمجھتے تھے۔

لیکن اس پر کسی جمع پونجی کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ پلمبری یہاں عدالت لگا کر صحابہ کرام کو طعنہ و تشنیع کا نشانہ بنا رہے ہوتے ہیں اس لیے جس طرح جناب معاویہ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اپنے آپ کو حق پر سمجھتے تھے اسی طرح دوسرے صحابہ کرام جو مولا علی علیہ السلام کے ساتھ تھے وہ بھی اپنے آپ کو حق پر ہی سمجھ کر احتجاج کر رہے تھے لہذا پلمبری عدالت کے مطابق فریقین کے ذاتی بیانات سے یہاں فیصلہ کرنا غلط ہے۔

جناب معاویہ علیہ السلام چونکہ خلیفہ راشد حضرت عثمان علیہ السلام کے قاتلین کے خلاف مظلوم مدینہ کی طرف سے وکیل تھے اس لیے قرآن مجید کی آیت کی روشنی میں ان کے لیے جواز موجود تھا۔سبائیوں کے لئے میں کہوں گا کہ لفظ "**سب**" پر آپ لوگوں کو تو زیادہ سیخ پا ہونے کی ضرورت

ہی نہیں کیوں کے شیعہ مذہب کے مطابق تو مولا علی علیہ السلام کی طرف سے اجازت ہے کہ ان کو "**سب**" کر لیا کریں۔ (معاذاللہ)

ملاحظہ فرمائیں شیعہ مصادر 📓 اصول کافی جلد سوم، امالی شیخ طوسی جلد اول، نہج البلاغہ۔

(5) 📒 حضرت علی علیہ السلام اور بدعات کا اقرار 📒

پلمبریوں اور سبائیوں کا ہمیشہ سے ہی یہ طریقہ واردات ہے کہ وہ سیدنا امیر معاویہ علیہ السلام کے ایسے مسائل جو آپ علیہ السلام نے مجبوراً کیے جیسے جسمانی تکلیف کے باعث بیٹھ کر خطبہ دینا، یا ایسے مسائل جن کے بارے میں آپ علیہ السلام نے اجتہاد فرمایا تھا ان کو لے کر دن رات ان پر بدعتی ہونے کے الزامات لگانے میں مصروف رہتے ہیں، ان سب کے اپنی اپنی جگہ پر اکابرین اہل سنت تفصیلی جوابات دے چکے ہیں. ان کے لیے میں کہوں گا کہ اگر اسی طرح جناب معاویہ علیہ السلام کو بدعت جاری کرنے کے الزامات دینا درست ہے تو مولا علی علیہ السلام کے بارے میں کیا کہیں گے جنہوں نے خود اپنے بارے میں بدعات کرنے کا اقرار فرمایا روایت ملاحظہ فرمائیں۔

حدثنا عبد الله حدتى أبو صالح الحكم بن موسى علقا شهاب بن خراشي عدلي الحجاج بن دينار عن أبي معشر عن إبراهيم النعمي قال ضرت علقمة بن قيس هذا المنبر وقال عطنا على رضى الله عنه على هذا المنبر فحمد الله وأثنى عليه وذكر ما شاء الله أن يذكر وقال إن خير الناس كان بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم أبو بكر ثم عمر رضي الله عنهما لم أحدث بعدهما أحداثا يقضى الله ۔(فيها قال شعيب: إسناده قوى)

حضرت علی علیہ السلام نے ایک دن بر سر منبر خطبہ دیتے ہوئے اللہ کی حمد و ثناء بیان کی، اور جو اللہ کو منظور ہوا وہ کہا، پھر فرمایا کہ اس امت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے بہترین شخص حضرت ابو بکر صدیق علیہ السلام ہیں اور ان کے بعد حضرت عمر فاروق علیہ السلام ہیں، ان کے بعد ہم نے ایسی بدعات ایجاد کرلی ہیں جن میں اللہ جو چاہے گا فیصلہ کرے گا۔

مسند احمد مسندات جناب علی رضی اللہ تعالی عنہ روم حدیث نمبر۔1051۔

یہاں پر وہ حدیث بھی۔پلمبری سبائی ضرور یاد رکھیں جس میں بدعتیوں کو حوض کوثر سے ہٹایا جائے گا۔ملاحظہ فرمائیں صحیح بخاری و صحیح مسلم۔

عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَبَقَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَصَلَّى أَبُو بَكْرٍ وَثَلَّثَ عُمَرُ، ثُمَّ خَبَطَتْنَا أَوْ أَصَابَتْنَا فِتْنَةٌ، يَعْفُوا اللهُ عَمَّنْ يَشَاءُ۔

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فضیلت و مرتبہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے آگے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی ہی میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نائب کے طور پر سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے امامت کے فرائض سرانجام دیئے اور تیسرا درجہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا ہے۔ان کے بعد ہم فتنوں میں مبتلا ہوگئے اور اللہ جس سے چاہے گا، درگزر فرمائے گا۔

مسند احمد رقم حدیث نمبر 11565، اخبار اصفہان جلد اول صفحہ نمبر 335, موضح اوہام امام خطیب بغدادی جلد دوم تحت خالد بن علقمہ صفحہ نمبر 9۔

اب ذرا جامع ترمذی کی اس حدیث کی طرف آ جائیں۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، أَنَّ عَلِيًّا حَرَّقَ قَوْمًا ارْتَدُّوا عَنِ الْإِسْلَامِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: لَوْ كُنْتُ أَنَا لَقَتَلْتُهُمْ، لِقَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَدَّلَ دِينَهُ فَاقْتُلُوهُ ، وَلَمْ أَكُنْ لِأُحَرِّقَهُمْ، لِقَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُعَذِّبُوا بِعَذَابِ اللَّهِ

علی رضی اللہ عنہ نے کچھ ایسے لوگوں کو زندہ جلا دیا جو اسلام سے مرتد ہو گئے تھے، جب ابن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ بات معلوم ہوئی!تو انہوں نے کہا: اگر (علی رضی اللہ عنہ کی جگہ) میں ہوتا تو انہیں قتل کرتا، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: ”جو اپنے دین (اسلام) کو بدل ڈالے اسے قتل کرو“، اور میں انہیں جلاتا نہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: ”اللہ کے عذاب خاص جیسا تم لوگ عذاب نہ دو“

جامع ترمذی رقم حدیث نمبر 1458۔

اس روایت سے پتا چلتا ہے کہ جناب مولانا علی علیہ السلام نے خلاف شرع سر انجام دیا تو اس کام کی مذمت جناب عبد اللہ بن عباس علیہ السلام حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ کر کی لیکن دوسرے طرف آپ دیکھیں کہ جناب معاویہ علیہ السلام نماز وتر ادا کر رہے ہوتے ہیں اور ایک آدمی جناب معاویہ علیہ السلام کی نماز وتر پر اعتراض کرتا ہے تو جناب عبد اللہ بن عباس علیہ السلام جناب معاویہ علیہ السلام کا دفاع کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

دَعْهُ فَإِنَّهُ صَحِبَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

کوئی حرج نہیں ہے، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اٹھائی ہے۔

بخاری جلد دوم رقم حدیث نمبر 3764۔

پھر یہاں تک فرمایا کہ جو کچھ معاویہ علیہ السلام نے کیا وہ درست ہے کیونکہ ہم میں معاویہ علیہ السلام سے بڑھ کر کوئی عالم نہیں۔

ملاحظہ فرمائیں سنن کبریٰ بیہقی جلد سوم باب وتر صفحہ 26۔

ہمیں یہ ڈر ہے کہ کہیں پلمبری رافضی جناب عبداللہ بن عباس علیہ السلام کو جناب علی علیہ السلام سے زیادہ جناب معاویہ علیہ السلام کی طرفداری کرنے کی وجہ سے ان پر بھی ناصبیت کا فتویٰ نہ لگا دیں۔

خیر ان کے من گھڑت اصول کی بلا سے اہل بیت میں سے بھی کوئی ناصبی ثابت ہو جائے تو ان کو کیا فرق پڑتا ہے۔

جناب علی علیہ السلام کے بارے میں اور جناب حسین علیہ السلام کے بارے میں بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس قسم کے ارشادات منقول ہیں جن میں ان دونوں کے بارے میں موجود ہے کہ " یہ مجھ سے ہیں "

پلمبریوں اور سبائیوں کا بڑا آپریشن

اب یہاں اس حدیث حوض کو بھی یاد رکھیں جس میں ہے کہ حوض کوثر سے ان لوگوں کو ہٹایا جائے گا جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "انھم منی" کہا ہو گا ملاحظہ فرمائیں۔

قَالَ : إِنَّهُمْ مِنِّي ، فَيُقَالُ : إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا بَدَّلُوا بَعْدَكَ ، فَأَقُولُ : سُحْقًا سُحْقًا لِمَنْ بَدَّلَ بَعْدِي.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب یہ کہیں گے کہ یہ تو مجھ سے ہیں تو جواب میں اس وقت کہا جائے گا کہ آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کے بعد انہوں نے کیا بدعات کی تھیں؟ میں کہوں گا کہ دوری ہو دوری ہو ان کے لیے جنہوں نے میرے بعد دین میں تبدیلیاں کر دی تھیں۔“

صحیح بخاری رقم حدیث نمبر 7050۔

(6) حضرت امام حسن علیہ السلام کی بیعت اور صلح پر پلمبریوں و سبائیوں کی رزیل فکر سے تراشیدہ حیلوں کا پوسٹ مارٹم۔

سبائیوں کی ہمیشہ یہ ناکام کوشش رہی ہے کہ وہ جناب حسن علیہ السلام کی طرف سے خلیفہ المسلمین حضرت امیر معاویہ علیہ السلام کے ہاتھ پر بیعت اور صلح کی اہمیت کو جاہل عوام کے سامنے بے معنی تاویلات کی بنا پر مولا حسن علیہ السلام کے اس مقدس عمل کی حیثیت کو کم کرنے کی غرض سے جاہل عوام کو دھوکا میں رکھنے کے لیے پیش کرتے ہیں۔

حتیٰ کہ میری پلمبریوں کے ایک وٹس ایپ گروپ میں بات ہو رہی تھی تو ایک پلمبری نے اس پر جو گستاخانہ بونگی ماری وہ آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں یہ بدبخت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے بغض میں اتنا اندھے ہو چکے ہیں کہ نبوت کو بھی معاف نہیں کیا۔

کہتا ہے کہ جس طرح ہمارے نبی نے مشرکین مکہ سے صلح کر کے بیعت کی اسی طرح جناب حسن علیہ السلام نے امیر معاویہ سے صلح کر لی۔ استغفار ثم استغفرُللہ

اور میں نے جواب میں یہ کہا کہ نبوت کبھی بھی کافر کے ہاتھ پر بیعت نہیں کرتی اور نہ کسی مذہبی معاملہ میں اسلام کے کسی حکم کو پس پشت ڈال کر غیر مسلموں سے سمجھوتا کرتی ہے اور اگر کسی پلمبری کے پاس اپنے دعویٰ میں کچھ ہے تو وہ باثبوت پیش کر سکتا ہے ٹائم قیامت کی صبح تک ہے میرا یہ کہنا اور پلمبریوں کا مجھے ریموو کرنا اس میں زیادہ وقت نہیں لگا۔

پلمبریوں نے جناب امام حسن علیہ السلام کے اس مقدس اقدام کو سبوتاش کرنے کے لیے اپنے ابلیسی قیاس سے کوئی تیر نہیں مارا، بلکہ انہوں نے باقی چیزوں کی طرح اس میں بھی ساری چوری سبائیوں کے لٹریچر سے کی ہے اور سبائیوں کی تو اس موضوع پر اپنے باطلہ قیاسات پر باقاعدہ کتب موجود ہیں جو آج بھی تمام اہل علم کے پاس ہیں۔

آئیں پلمبریوں اور رافضیوں کے باطل قیاس کے پیچ ڈھیلے کرتے ہیں۔

پہلا مغالطہ۔

حضرت حسن علیہ السلام کی طرف سے جناب معاویہ علیہ السلام کے ساتھ صلح کو پیش کر کے جناب معاویہ علیہ السلام کو خلیفہ برحق ثابت نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ امام الانبیاء علیہ السلام نے بھی مشرکینِ مکہ سے صلح کی تھی۔

جواب۔

(1)جناب حسن علیہ السلام کی صلح کو مشرکین کے ساتھ صلح سے موازنہ کرنا جہالت پر مبنی قیاس ہے شرح اس کی یہ ہے کہ مشرکین مکہ سے صلح عام معاملات میں ہوئی تھی جبکہ جناب حسن علیہ السلام کی صلح خلافت کے معاملات میں ہوئی۔

(2)امام الانبیاء علیہ السلام نے مشرکین مکہ کے ساتھ صلح کرتے وقت اپنا منصب حاکمیت و اقتدار مشرکین کو نہیں سونپا جبکہ جناب حسن علیہ السلام جناب معاویہ علیہ السلام کے حق میں حاکمیت و اقتدار سے دستبردار ہوے تھے۔

(3) امام الانبیاء علیہ السلام نے مشرکین سے صلح کرتے وقت ان کے ہاتھ پر بیعت نہیں کی تھی جبکہ جناب حسن علیہ السلام نے اپنے لشکر سمیت سب کو جناب معاویہ علیہ السلام کی خلافتِ حقہ پر بیعت کے لیے راضی کر کے بیعت فرمائی۔

(4) امام الانبیاء علیہ السلام نے صرف علاقائی معاہدہ کیا تھا جس کا مستقبل میں فائدہ مشرکین سے زیادہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوا جبکہ جناب حسن علیہ السلام کی بیعت اور صلح سے دونوں گروہوں کے ساتھ ساتھ پورے عالم اسلام کو بھی ہوا، جس پر پوری امتِ مسلمہ جناب امیر معاویہ علیہ السلام کے دور خلافت کے انیس بیس سال ایک جماعت بن کر رہی اور جناب حسن علیہ السلام کی طرف سے خلافت کے معاملے دستبردار ہونے کی برکت سے مسلمانوں کے آپس میں خانہ جنگی سے جان چھوٹ گئی۔ لیکن صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی آپس میں یہ صلح پلمبریوں وسبائیوں سے آج تک ہضم نہ ہو سکی یہ اس کو ان رزیل فکر طبقات نے ایک کانٹا سمجھا ہوا ہے جو نہ نگل سکتے ہیں نہ اگل سکتے ہیں۔

(5) پانچواں فرق یہ ہے کہ امام الانبیاء علیہ السلام کی طرف سے مشرکین کے ساتھ معاہدہ کی پاسداری اپنے علاقے میں تھی جبکہ جناب معاویہ علیہ السلام کے ساتھ جناب حسن علیہ السلام کی صلح وبیعت اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ علیہ السلام نے جناب امیر معاویہ علیہ السلام کو تمام عالم اسلام پر خلیفہ وامیر تسلیم کر کے اپنے تمام لشکریوں کو اپنے نہیں جناب معاویہ علیہ السلام کی خلافت کے ماتحت کر دیا۔

(6) امام انبیاء علیہ السلام سے جو معاہدہ مشرکین نے کیا وہ مشرکین کی مرضی پر تھا جبکہ جناب۔ امیر معاویہ علیہ السلام کے ساتھ امام حسن علیہ السلام کی بیعت اور صلح میں سب کچھ جناب معاویہ علیہ السلام نے جناب حسن علیہ السلام کی مرضی پر چھوڑا۔

(7) جناب حسن علیہ السلام نے امارت وخلافت کے معاملے میں اپنے سے بہتر جناب معاویہ علیہ السلام کو قرار دیا، جبکہ امام الانبیاء علیہ السلام اور مشرکین کے حوالے سے یہ سوچنا بھی کفر ہے۔

اتنے فرق ہونے کے باوجود بھی جناب حسن کی بیعت اور صلح اور امام الانبیاء علیہ السلام کی مشرکین سے معاہدہ کو کوئی ایک جیسا قرار دے تو ایسے رزیل فکر لوگوں کے لیے فیصلہ اللہ تعالیٰ کی عدالت پر آخرت کے لیے چھوڑتے ہیں۔

دوسرا مغالطہ۔ جناب حسن علیہ السلام کی طرف سے صلح اپنے لوگوں کے خون کی حفاظت کے لیے تھی یعنی جنگ سے چھٹکارے کے لیے تھی۔

جواب۔

اس بہانے سے بھی جناب معاویہ علیہ السلام کی خلافت کو سبوتاش نہیں کیا جاسکتا، شرح اس کی یہ ہے کہ اوپر سنن کبریٰ بیہقی کی روایت سے ثابت کیا جاچکا ہے کہ حضرت حسن علیہ السلام نے جناب معاویہ علیہ السلام کو خلافت کے لیے اہل سمجھ کر بیعت فرمائی تھی۔

اس مغالطہ کی طرف اس صورت میں دھیان دیا جاسکتا تھا کہ صلح اور بیعت کی پیشکش جناب معاویہ علیہ السلام کی بجائے جناب حسن علیہ السلام کی طرف سے پیش کی جاتی لیکن یہاں معاملہ اس کے برعکس ہے۔ جیسا کہ صحیح بخاری کی روایت اس کا روشن ثبوت ہے جس کو اوپر میں نے بمعہ متن اور ترجمہ عبارت کے درج کر دیا ہے۔

جناب حسن علیہ السلام کی بیعت تشیع مصادر سے بھی درست سند سے ثابت ہے۔

ملاحظہ فرمائیں رجال کشی، احتجاج طبرسی جلد اول۔

(7) سیدنا امیر معاویہ علیہ السلام اور ان کے لشکر کے حق پر ہونے کا ثبوت

حدَّثنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، حَدَّثَنِي بَحِيرٌ، عَنْ خَالِدٍ يَعْنِي ابْنَ مَعْدَانَ، عَنْ أَبِي قُتَيْلَةَ، عَنِ ابْنِ حَوَالَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَصِيرُ الْأَمْرُ إِلَى أَنْ تَكُونُوا جُنُودًا مُجَنَّدَةً جُنْدٌ بِالشَّامِ وَجُنْدٌ بِالْيَمَنِ وَجُنْدٌ بِالْعِرَاقِ ، قَالَ ابْنُ حَوَالَةَ: خِرْ لِي يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذَلِكَ فَقَالَ: عَلَيْكَ بِالشَّامِ فَإِنَّهَا خِيرَةُ اللَّهِ مِنْ أَرْضِهِ يَجْتَبِي إِلَيْهَا خِيرَتَهُ مِنْ عِبَادِهِ فَأَمَّا إِنْ أَبَيْتُمْ فَعَلَيْكُمْ بِيَمَنِكُمْ وَاسْقُوا مِنْ غُدُرِكُمْ فَإِنَّ اللَّهَ تَوَكَّلَ لِي بِالشَّامِ وَأَهْلِهِ .

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایسا وقت آئے گا کہ تم الگ الگ ٹکڑیوں میں بٹ جاؤ گے، ایک ٹکڑی شام میں، ایک یمن میں اور ایک عراق میں۔ ابن حوالہ نے کہا: اللہ کے رسول! مجھے بتایئے اگر میں وہ زمانہ پاؤں تو کس ٹکڑی میں رہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے اوپر شام کو لازم کر لو، کیونکہ شام کا ملک اللہ کی بہترین سرزمین ہے، اللہ اس ملک میں اپنے نیک بندوں کو جمع کرے گا، اگر شام میں نہ رہنا چاہو تو اپنے یمن کو لازم پکڑنا اور اپنے تالابوں سے پانی پلانا، کیونکہ اللہ نے مجھ سے شام اور اس کے باشندوں کی حفاظت کی ذمہ داری لی ہے ۱۔

سنن ابی داود جلد دوم کتاب الجہاد رقم 2482.

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَتَكُونُ هِجْرَةٌ بَعْدَ هِجْرَةٍ فَخِيَارُ أَهْلِ الأَرْضِ أَلْزَمُهُمْ مُهَاجَرَ إِبْرَاهِيمَ وَيَبْقَى فِي الأَرْضِ شِرَارُ أَهْلِهَا تَلْفِظُهُمْ أَرْضُوهُمْ تَقْذَرُهُمْ نَفْسُ اللَّهِ وَتَحْشُرُهُمُ النَّارُ مَعَ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِيرِ.

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: عنقریب ہجرت کے بعد ہجرت ہو گی تو زمین والوں میں بہتر وہ لوگ ہوں گے جو ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت گاہ (شام) کو لازم پکڑیں گے، اور زمین میں ان کے بدترین لوگ رہ جائیں گے، ان کی سرزمین انہیں باہر پھینک دے گی اور اللہ کی ذات ان سے گھن کرے گی اور آگ انہیں بندروں اور سوروں کے ساتھ اکٹھا کرے گی۔۔

۔ سنن ابی داود جلد دوم کتاب الجہاد۔

جناب علی علیہ السلام نے اپنے دور کے فتنوں کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا

سَبَقَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَصَلّٰی أَبُو بَكْرٍ وَثَلَّثَ عُمَرُ، ثُمَّ خَبَطَتْنَا أَوْ أَصَابَتْنَا فِتْنَةٌ، يَعْفُوا اللّٰهُ عَمَّنْ يَشَاءُ۔ (مسند احمد: ۸۹۵)

